**22.10.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ رحمٰن

Music

..........................................................................

1۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے برکس سربراہ کانفرنس سے الگ، کازان میں، روس کے صدر ولادیمیر پتن کے ساتھ دوطرفہ ملاقات کی۔ انھوں نے کہا کہ بھارت اور روس کے درمیان رشتوں میں، کازان میں نیا قونصل خانہ شروع کئے جانے سے، مزید بہتری آئے گی۔

2۔ وزیر اعظم نے بھارت کے اِس موقف کو دوہرایا ہے کہ روس-یوکرین تنازع، ایک پُرامن انداز میں حل کیا جانا چاہیے۔

3۔ بھارت اور سنگاپور نے خاص طور پر آٹومیشن اور مصنوعی ذہانت AI کے میدانوں میں صنعتی تعاون میں اضافہ کرنے سے اتفاق کیا ہے۔

4۔ جھارکھنڈ میں دوسرے مرحلے کے اسمبلی انتخابات اور مہاراشٹر میں ایک ہی مرحلے میں کرائے جانے والے انتخابات کیلئے، نامزدگیاں داخل کرنے کا کام شروع ہوگیا ہے۔

5۔ امکان ہے کہ شدید سمندری طوفان DANA، جمعرات کی رات کو، اڈیشہ کے ساحل پر پہنچ جائے گا۔ 14 ساحلی اور آس پاس کے ضلعوں میں سبھی اسکول کل سے تین دن کیلئے بند رہیں گے۔

6۔ Sensex میں 930 پوائنٹس، اور نفٹی میں 309 پوائنٹس کی کمی آئی۔

7۔ اور ہاکی میں 'سلطان آف جوہر کپ' کے ایک گروپ مرحلے کے میچ میں، بھارت کی جونیئر مردوں کی ٹیم نے میزبان ملیشیا کو چار دو سے ہرا دیا۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *PM Brics Summit*

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج سہ پہر 16 ویں برکس سربراہ اجلاس کے موقع پر Kazan میں روس کے صدر ولادیمیر پوتن کے ساتھ باہمی میٹنگ کی۔ اپنی میٹنگ کے دوران وزیر اعظم مودی نے کہا کہ روس کے اُن کے حالیہ دورے، قریبی تعاون اور گہری دوستی کے عکاس ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ Kazan میں نئے قونصل خانہ کے کھولے جانے سے دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات مزید بہتر ہوں گے۔

2100- PM- Russia Friendship

اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے Kazan میں بھارتی حکومت کے اپنا قونصل خانہ کھولے جانے کے فیصلے کا خیر مقدم کیا۔

2100- Russia Prez- Consulate

روس- یوکرین جنگ پر وزیر اعظم مودی نے بھارت کے اِس موقف کا اعادہ کیا کہ اِس مسئلے کو پُرامن طریقے سے حل کیا جانا چاہیے۔

2100- PM- Russia- Ukraine

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم مودی نے صدر پوتن کے ساتھ اپنی میٹنگ کو شاندار قرار دیا۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور روس کے درمیان تعلقات بہت گہرے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بات چیت اِس بات پر مرکوز رہی کہ مختلف شعبوں میں باہمی تعلقات کو کس طرح مزید تقویت دی جائے۔بعد میں خارجی امور کی وزارت کے ترجمان رندھیر جیسوال نے بتایا کہ میٹنگ کے دوران جناب مودی نے روس کی قیادت میں برکس سربراہ اجلاس کی ستائش کی اور سربراہ اجلاس کی کامیابی کیلئے اپنی نیک خواہشات پیش کیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ دونوں رہنماؤں نے بھارت- روس تعلقات کے پورے تر منظر نامے کا جائزہ لیا۔ دونوں رہنماؤں نے یوکرین میں جاری جنگ سمیت علاقائی اور باہمی امور کے پہلو پر بھی گفتگو کی۔ وزیر اعظم مودی، سربراہ اجلاس میں شرکت کیلئے روس کے دو روزہ دورے پر آج سہ پہر کازان پہنچے تھے۔ یہ سربراہ اجلاس کل سے شروع ہوگا۔ اس سربراہ اجلاس کا موضوع ہے 'منصفانہ عالمی فروغ اور سیکیورٹی کیلئے کثیر ملکی نظام کو مضبوط بنانا'۔پیش ہے ہمارے نامہ نگار نسیم نقوی کی یہ رپورٹ، جو وزیر اعظم کے دورے کی خبریں بھیج رہے ہیں۔

VC- Naseem Naqvi

وزیر اعظم مودی کی، صدر ولادیمیر پتن کے ساتھ ملاقات کو ایک شاندار ملاقات مانا جارہا ہے، جس سے بھارت اور روس کے درمیان موجود گہرے رشتے اُجاگر ہوتے ہیں۔ جناب مودی نے سوشل میڈیا پر اپنی بات چیت کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے جس میں مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعلقات میں اضافہ کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی۔یہ میٹنگ، بھارت اور روس کے درمیان دیرپا اور ہمیشہ وسعت پاتی ہوئی شراکت داری کا ثبوت ہے، جو اعتماد، باہمی مفاہمت اور دفاعی تال میل پر مبنی ہے۔ دونوں رہنماؤں نے اُن دیرینہ تعلقات کی خصوصی نوعیت کی اہمیت کا اِظہار کیا جو حالیہ جغرافیائی وسیاسی منظرنامے کی پیچیدگیوں کے باوجود قائم و دائم ہیں۔ جیسا کہ جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور روس کے درمیان تعلقات کافی گہرے ہیں اور دونوں ملکوں کے درمیان شراکت داری، عالمی حالات و واقعات کی تشکیل میں ایک اہم رول ادا کرتی رہے گی۔کزان سے اردو خبروں کیلئے نسیم نقوی کی رپورٹ

وزیر اعظم نریندر مودی نے Kazan میں برکس سربراہ اجلاس کے موقع پر ایران کے صدر Masoud Pezeshkain کے ساتھ بھی باہمی میٹنگ کی۔ x

***Prez Singapore***

سنگاپور کے وزیر دفاع ڈاکٹر Ng Eng Hen نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے آج راشٹرپتی بھون میں

ملاقات کی۔ صدر جمہوریہ نے، ڈاکٹر Hen کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ بھارت اور سنگاپور کے درمیان دوطرفہ تعاون کی ایک مالامال تاریخ ہے۔ صدر جمہوریہ نے یہ بھی کہا کہ اِس تعاون میں، وزیراعظم نریندر مودی کے سنگاپور کے حالیہ دورے سے اور بھارت-سنگاپور وزارتی گول میز میٹنگ کے دوسرے راؤنڈ کے اختتام پر، اور بھی اضافہ ہوا ہے۔ صدر مرمو نے خوشی کا اظہار کیا کہ یہ تعلقات ایک جامع دفاعی شراکت داری تک پہنچ گئے ہیں۔ انھوں نے دونوں ملکوں کی، دفاعی تحقیق وترقی کی ٹیموں کے درمیان قریبی تعاون کی ضرورت پر زور دیا تاکہ دفاع کے شعبے میں تازہ ترین مہارت اور ٹیکنالوجی کی ترقی سے فائدہ حاصل ہو۔x

## Rajnath India Singapore

بھارت اور سنگاپور نے خاص طور پر Automation اور مصنوعی ذہانت AI جیسے جدید ترین شعبوں میں صنعتی تعاون میں اضافہ کرنے سے اتفاق کیا ہے۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور سنگاپور کے وزیر دفاع ڈاکٹر Ng Eng Hen نے آج نئی دلّی میں بھارت-سنگاپور وزراءِ دفاع کے چھٹے مذاکرات کی مشترکہ طور پر صدارت کی۔ جناب سنگھ نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان دفاعی شراکت داری، دونوں ملکوں کی بڑھتی ہوئی قربت کا ثبوت ہے۔ دونوں وزیروں نے دونوں ملکوں کے درمیان دفاع کے شعبے میں بڑھتے ہوئے تعاون پر اطمینان ظاہر کیا۔ دونوں ملکوں نے سائبر سکیورٹی جیسے ابھرتے ہوئے میدانوں میں دفاعی تعاون کو بڑھاوا دینے سے اتفاق کیا۔ انھوں نے اگلے پانچ سال کیلئے مشترکہ فوجی تربیت کے بارے میں دوطرفہ معاہدے میں توسیع سے بھی اتفاق کیا۔

میٹنگ کے دوران سنگاپور کے وزیر دفاع نے اعتراف کیا کہ بھارت، ایشیا کے امن واستحکام کیلئے ایک دفاعی آواز ہے۔دو طرفہ تعلقات کو حال ہی میں وزیر اعظم نریندر مودی کے سنگاپور کے دورے میں ایک جامع دفاعی شراکت داری تک پہنچایا گیا تھا۔آج کی اس میٹنگ کی اہمیت اور بھی زیادہ ہوگئی ہے کیونکہ یہ بھارت کی، مشرق نواز پالیسی کی ایک دہائی پورا ہونے کے موقع پر منعقد کی گئی تھی۔ اس پالیسی نے سنگاپور میں اقتصادی تعاون کو فروغ دینے اور خطے کے ملکوں کے ساتھ دفاعی رابطہ پیدا کرنے میں ایک اہم رول ادا کیا ہے۔x

## Gujrat Amit Shah

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے عدالتی مداخلت کی گنجائش اسکوپ کو کم سے کم کرنے کیلئے قانون کا مسودہ تیار کرنے میں قانون میں وضاحت کی اہمیت پر زور دیا ہے۔گاندھی نگر میں قانون کا مسودہ تیار کرنے سے متعلق ایک ورکشاپ میں گجرات اسمبلی کے قانون ساز ارکان سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ مسوّدے میں جتنا زیادہ ابہام ہوگا، عدالتی مداخلت کی گنجائش اُتنی ہی زیادہ ہوگی۔ انھوں نے کہا کہ واضح اور خامیوں سے پاک قانون سے نہ صرف یہ کہ اِس کے نفاذ میں بلکہ جمہوری نظام کی کایا پلٹ میں بھی مدد ملتی ہے۔ انھوں نے ایوان کے ممبروں پر اس بات کیلئے بھی زور دیا کہ وہ قانون کا مسودہ مرتب کرنے میں تربیت حاصل کریں تاکہ مستقبل کے اس قانون کی منطق اور اس کے قابل ہونے کی نوعیت میں اضافہ ہو۔

اس موقع پر گجرات کے وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل اور گجرات اسمبلی کے اسپیکر شنکر چودھری بھی موجود تھے۔ x

## Jharkhand Nominations

جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے نامزدگیاں داخل کرنے میں تیزی آتی جا رہی ہے۔ اِس مرحلے کیلئے اب تک 57 نامزدگی پرچے داخل کیے جاچکے ہیں۔ نوٹیفکیشن کے جاری ہونے کے ساتھ آج دوسرے مرحلے کی پولنگ کیلئے نامزدگیاں داخل کرنے کا عمل شروع ہوگیا ہے۔ مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے............

VC- K K Lal

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات دو مرحلوں میں ہونے ہیں۔ پہلے مرحلے کیلئے پرچۂ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ 25 اکتوبر ہے جبکہ دوسرے مرحلے کیلئے پرچے داخل کرنے کی آخری تاریخ 29 اکتوبر ہے۔ پہلے مرحلے کے تحت 13 نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے، جبکہ دوسرے مرحلے کیلئے پولنگ 20 نومبر کو ہوگی۔ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو ہوگی۔اسمبلی انتخابات کے اعلان کے بعد سے ریاست کے مختلف حصوں میں چلائی گئی تلاشی مہم کے دوران غیر قانونی ساز و سامان اور سات کروڑ 72 لاکھ روپے سے زیادہ نقد رقم ضبط کی گئی ہے۔ مثالی ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی کی 12 ایف آئی آر درج کرائی گئی ہیں۔ تاہم JMM، RJD اور CPI-ML کے امیدواروں کی فہرست ابھی تک جاری نہیں کی گئی ہے کیونکہ ان پارٹیوں اور ان کے اتحادیوں کے درمیان سیٹوں کے سلسلے میں اختلافات جاری ہیں۔

رانچی سے K K Lal کی رپورٹ کیس اتھ اردو خبروں کیلئے میں آسیہ میمونہ

## Maharashtra Assembly Polls

مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات اور ناندیڑ لوک سبھا کے ضمنی چناوٴ کیلئے نوٹیفکیشن آج جاری کر دیا گیا ہے۔ 20 نومبر کو سبھی 288 اسمبلی حلقوں اور ناندیڑ پارلیمانی حلقے کیلئے ووٹنگ ہوگی۔نتیجوں کا اعلان 23 نومبرکو کیا جائے گا۔

یہ انتخابات اصل میں BJP شیو سینا اور NCP کے حکمراں اتحاد اور کانگریس شیو سینا (اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے) اور NCP (شرد پورا) کے اپوزیشن اتحاد کے درمیان ہوں گے۔

## Rev. TMC MP Suspended

وقف کے ترمیمی بل 2023 سے متعلق پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی نے، TMC کے ممبر پارلیمنٹ کلیان بنرجی کو ایک دن کیلئے کمیٹی کی میٹنگ میں شرکت سے معطل کردیا ہے۔ یہ فیصلہ آج ایوانِ پارلیمنٹ میں کمیٹی کی میٹنگ کے دوران اُن کے بیجا رویّے کی وجہ سے کیا گیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ میٹنگ کے دوران، جناب بنرجی کی BJP کے ممبر پارلیمنٹ ابھیجیت گنگوپادھیایہ کے ساتھ تکرار ہوگئی تھی۔ بعد میں ابھیجیت نے ناروا سلوک کا مظاہرہ کیا۔

وقف کے ترمیمی بل پر مشترکہ کمیٹی کی آج، جناب جگدمبیکا پال کی صدرنشینی میں میٹنگ کی گئی تھی۔ جس کے دوران کمیٹی کو، اِس بل کے بارے میں مختلف طریقوں اور انڈین یونین مسلم لیگ IUML کے پانچ ارکان پارلیمنٹ کے وفد کے نظریات اور تجاویز کی سنوائی کرنی تھی۔ بعد میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے BJP ممبر پارلیمنٹ جگدمبیکا پال نے بتایا کہ انھوں نے اس واقعے کے بارے میں لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا کو مطلع کردیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ جمہوریت میں تشدد کی کوئی جگہ نہیں ہے اور وہ میٹنگ میں ہر ایک کو بولنے کا موقع دیتے ہیں۔

## Scindia BSNL New Logo

مواصلات کے مرکزی وزیر جیوترآدتیہ سندھیا نے کہا ہے کہ 4G کے شروع ہونے سے اب تک پچھلے 6 مہینوں میں بھارت سنچار نگم لمٹیڈ (BSNL) کے سبسکرائبرس کی تعداد 75 لاکھ سے بڑھ کر ایک کروڑ 8 لاکھ ہوگئی ہے۔ آج نئی دلّی میں نئے Logo اور BSNL کی سات خدمات کا آغاز کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ 4G ٹیلی کام نیٹ ورک تیار کرنے والا بھارت، دنیا کے چھ ملکوں میں سے ایک ملک ہے، جو جلد ہی 5G کی جانب بڑھے گا۔مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے..................

VC- Bhanu

نئے Logo کے علاوہ BSNL نے سات نئی پہل قدمیوں کا بھی اعلان کیا ہے، جس کا مقصد یہ ہے کہ بھارت، کیسے رابطے قائم کرتا ہے، مواصلات انجام دیتا ہے اور اپنی ڈیجیٹل سیکیورٹی میں کیسے اضافہ کر رہا ہے۔ یہ شعبے ہیں: Spam فری نیٹ ورک، نیشنل وائی فائی رومنگ، انٹرنیٹ فائبر ٹی وی، Anytime SIM Kiosks،
Direct to Device Service۔ لوگوں کی حفاظت اور قدرتی آفات کی صورت میں راحت اور کانکنی میں پہلی بار پرائیویٹ 5G کی سہولت۔ اس کے ساتھ ہی ٹیلی کام سروس پرووائڈر نے حکومت اور راحت ایجنسیوں کیلئے بحران اور آفات کے دوران Encrypted مواصلات اور بلاتعطل کنیکٹیوٹی کی گارنٹی بھی دی ہے۔

بھانو پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں فیصل حبیب

## Odisha Severe Cyclone

شدید سمندری طوفان 'دانا' خلیج بنگال میں زور پکڑ رہا ہے اور 4 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے اڈیشہ کے ساحل کی سمت بڑھا رہا ہے۔ جمعرات اور جمعے کی درمیانی شب کو اِس کے اڈیشہ کے ساحل پر پہنچنے کی توقع ہے۔ اس کے پیش نظر اڈیشہ حکومت ہائی الرٹ پر ہے۔ حکومت نے ممکنہ طور پر ایسے علاقوں سے انخلا شروع کر دیا ہے جو طوفان سے بری طرح متاثر ہوسکتے ہیں۔ 14 ساحلی اور پڑوسی اضلاع میں تمام اسکول، کالج اور یونیورسٹیز اگلے تین دن کیلئے بند رہیں گی۔ تمام طے شدہ امتحانات بھی منسوخ کر دیئے گئے ہیں۔ ریاستی حکومت نے کل سے اگلے تین دن کیلئے تمام ڈاکٹروں کی بھی چھٹیاں منسوخ کر دی ہیں۔x

## Business Capsule

BSE سنسیکس میں آج 930 پوائنٹس یا ایک اعشاریہ ایک پانچ فیصد کی کمی آئی اور یہ 80 ہزار 221 پر بند ہوا۔ نیشنل اسٹاک ایکسچینج نفٹی میں بھی 309 پوائنٹس یا ایک اعشاریہ دو پانچ فیصد کی کمی آئی اور یہ 24 ہزار 472 پر بند ہوا۔غیر ملکی زرِ مبادلہ کی مارکیٹ میں آج روپے کی قدر میں کوئی تبدیلی نہیں آئی اور ایک امریکی ڈالر کی قدر 84 روپے 7 پیسے رہی۔ بھارت کی صرافہ مارکیٹ میں 24 کیرٹ سونا فی دس گرام 78 ہزار 510 روپے رہا، اور 999 فائن چاندی کی قیمت بھی بڑھ کر فی کلو گرام 99 ہزار 240 روپے ہوگئی۔ آخری خبریں ملنے تک، عالمی خام تیل مارکیٹ Brent Crude تیل، فی بیرل 74 ڈالر 89 سینٹس رہا جبکہ امریکہ کے West Texas انٹرمیڈیٹ خام تیل کی قیمت، فی بیرل 71 ڈالرس 26 سینٹس رہی۔x

## Hockey Johor Cup

ہاکی میں مردوں کے جونیئر بھارتی ٹیم نے میزبان ملیشیا کو آج سلطان جوہر کپ کے گروپ اسٹیج میچ میں چار- دو سے ہرا دیا۔ بھارتی ٹیم نے اپنی مسلسل جیت سے ٹورنامنٹ میں جوہر دکھائے ہیں۔ نئے کوچ P. R. Sreejesh کی نگرانی میں اپنی تیسری جیت درج کی ہے۔ اس سے پہلے بھارت نے پہلے دو راؤنڈ میں جاپان کو چار- دو سے اور گریٹ برطانیہ کو چھ- چار سے ہرایا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆